# خالقِ کائنات ربِ عظیم لائقِ تعظیم

## یہ خالق اور مالک کا حق ہے کہ بندہ مومن صبح وشام چلتے پھرتے ہر وقت اس کی حمد وثناء بیان کرے

تحریر۔۔۔
انجینیر یعقوب علی بلوچ

**اسلام میں انسان کی زندگی عبث اور بے معنی نہیں ھے بل کہ اس کے وجود کا مقصد صرف ایک خدا کی عبادت کرنا ھے جو پوری کائنات کا خالق اور پالنے والا ھے۔**

یعنی بنیادی مقصد جس کے لیے بنی نوع انسان کو پیدا کیا گیا وہ خدا کی بندگی اور اس کی عبادت ہے۔ حالاں کہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے اور کسی بھی مخلوق کی حمد وعبادت کا محتاج نہیں ہے۔

اس نے انسانوں کو اپنی کسی ضرورت کے لیے پیدا نہیں کیا۔ اگر کسی ایک انسان نے بھی خدا کی عبادت نہیں کی تو اس سے اس کے جلال وجمال میں کسی بھی طرح کمی نہیں آئے گی اور اگر تمام بنی نوع انسان اس کی عبادت کریں تو اس سے اس کے جمال وجلال میں کسی بھی طرح کا اضافہ نہیں ہوگا۔ خدا کامل ہے، وہ اکیلا ہے بغیر کسی ضرورت کے۔ تمام مخلوقات کی ضرورتیں ہیں۔

چناں چہ انسان کو خدا کی عبادت کی ضرورت ہے۔ اللہ ایک ہے اور اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے۔ انسان پر اللہ کی رحمت لامحدود ہے۔

انسان اللہ کی بہترین مخلوقات میں سے ہے اور آسمانوں اور زمین میں اس کی تخلیق کردہ تقریباً ہر چیز جیسے سورج، چاند، ستارے، پودے، باغات، فصلیں، معدنیات، دھاتیں، سمندر، دریا، بارش، پہاڑ، جانور، مویشی، گھوڑے، اونٹ، مچھلی، پرندے وغیرہ بالواسطہ یا بلاواسطہ انسان کے فائدے یا خدمت پر مامور ہیں۔ پس ان تمام احسانات اور نعمتوں کے لیے انسان اللہ تعالیٰ کا مقروض ہے۔

اللہ تعالیٰ کا نازل کردہ قرآن حکیم ہمیں بتاتا ہے کہ تمام انبیائے کرامؑ نے اپنی قوم کو صرف اللہ کی عبادت کرنے کا حکم دیا جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اللہ نے انسانوں اور جنات کو صرف اس لیے پیدا کیا ہے کہ وہ اس کی عبادت کریں۔

مفہوم: ”اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں اور تم سے پہلے لوگوں کو پیدا کیا تا کہ تم پرہیز گاری کرو۔“

”اور اللہ کی بندگی کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراو۔“

”اللہ تمہارا رب ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، ہر چیز کا خالق، اس لیے اس کی عبادت کرو۔“

یہ خالق اور مالک کا حق ہے کہ بندہ مومن صبح وشام اور چلتے پھرتے ہر وقت اس کی حمد و ثناء بیان کرے۔ خاموشی سے یا بلند آواز سے اللہ کی تسبیح کی جاسکتی ہے۔ بہتر یہ ہے کہ آدمی اپنے دل میں خاموشی سے اللہ کی تسبیح کرے۔

قرآن اپنے پیروکاروں کو اپنے رب کی حمد وثناء کرنے کا حکم دیتا ہے، مفہوم:

”تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا رب اور رحم کرنے والا ہے۔“

”تعریف اللہ کے لیے ہے جس کی ملکیت ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اسی کے لیے حمد ہے، اور وہی حکمت والا اور باخبر ہے۔“

بندہ مومن کا فرض ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا ہمہ وقت شکر کرے۔ شکر گزار وہ شخص ہے جو اس کے ساتھ کی گئی مہربانی یا اس کو دیے گئے فوائد یا تحائف کی قدر کرتا ہے۔ وہ اپنے ساتھ کیے گئے احسان یا نیکی کو تسلیم کرتا ہے اور احسان کرنے والے کا شکریہ ادا کرتا ہے۔ اللہ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ وہ سب سے بڑا محسن ہے جس نے انسان کو بے شمار نعمتوں، احسانات اور نعمتوں سے نوازا ہے۔

اس لیے انسان کو اللہ کا بہت شکر گزار ہونا چاہیے۔



اللہ کی شکر گزاری کا اظہار اس کی یاد، اس کی تسبیح، اس کی عبادت، اس کے حکم کی تعمیل اور اس کے منع کردہ کاموں سے پرہیز کرنے، اس سے ڈرنے، اس پر بھروسا کرنے سے کیا جاسکتا ہے۔ شکر گزاری کا اظہار دل، دماغ اور دیگر جسمانی اعضاء سے کیا جاسکتا ہے۔ اللہ بہت مہربان ہے اور وہ نا صرف اپنی مخلوق کی شکر گزاری کو پسند کرتا ہے بل کہ ان شاکر لوگوں سے اعلیٰ انعامات کا بھی وعدہ کرتا ہے جو اس کے احسانات پر اس کا شکر ادا کرتے ہیں۔

قرآن پاک میں ارشاد کا مفہوم ہے: ”جو حلال اور پاکیزہ رزق آپ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے کھاو اور اپنے رب کے فضل کا شکر کرو اگر تم اسی کی بندگی کرتے ہو۔“

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مفہوم: ”جس کو چار چیزیں عطا کی گئیں اس کو دنیا اور آخرت کی بھلائی دی گئی۔ شکر گزار دل، حمد وثناء کرنے والی زبان، آفات پر صبر کرنے والا جسم اور ایسی بیوی جو اپنے شوہر سے کسی قسم کی خیانت نہ کرے۔“ (بیہقی)

بندہ مومن کو چاہیے کہ وہ احکام الٰہی کی پابندی کرے اور اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات اور احکام کے مطابق زندگی گزارے۔

قرآن کریم ہمیں اللہ کی اطاعت کا حکم دیتا ہے، مفہوم: ”اور اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔“

”جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کریں اور اللہ سے ڈریں اور تقویٰ اختیار کریں وہی لوگ غالب ہیں۔“

انسان کا فرض ہے کہ وہ ہر وقت اللہ کو یاد کرے۔ اسے اللہ اور اللہ کی نعمتوں کو نہیں بھولنا چاہیے۔

قرآن پاک میں بتایا گیا ہے کہ پس تم مجھے یاد کرو، میں تمہیں یاد رکھوں گا، میرا شکر کرو اور مجھے جھٹلاو نہیں۔ جو ایمان لائے اور جن کے دلوں کو اللہ کے ذکر سے سکون ملتا ہے۔ بے شک! اللہ کے ذکر سے دلوں کو سکون ملتا ہے۔ وہ کام یاب ہے جو اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور اپنے رب کو یاد رکھتا اور نماز ادا کرتا ہے۔

بندہ مومن کی ایک ذمے داری یہ بھی ہے کہ وہ اللہ کو مدد کے لیے پکارے اور جب ضرورت ہو تو اس سے احسان یا نعمت کی دعا کرے اور اپنی کسی ضرورت کے لیے کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلانا چاہیے۔ ضرورت کے وقت اللہ ہی سے مانگنا چاہیے۔ اور جب اللہ انسان کی ضرورت پوری کرتا ہے تو اس کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

احسان مانگنے اور شکر گزاری میں کسی اور کو اللہ کا شریک نہ بنایا جائے۔ قرآن پاک سے ہمیں راہ نمائی ملتی ہے کہ جب میرے بندے میرے بارے آپ ﷺ سے سوال کریں تو انہیں بتایئے کہ میں قریب ہوں۔ جب وہ مجھے پکارتے ہیں تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں۔

ہمیں اللہ رب العزت کے تمام حقوق دل سے ادا کرنے چاہییں۔ چناں چہ اس سے متعلق ہمیں پورے راسخ العقیدہ کے لحاظ سے اپنے فرائض اور تقاضے جن کا اسلام اہل ایمان سے تقاضا کرتا ہے بہ حسن وخوبی ادا کرنے چاہییں۔ اللہ کے تمام احکامات پر عمل کریں اور اللہ کو ہر وقت اور ہر لمحہ یاد رکھیں۔ اللہ کے حقوق کو پورا کرنا، اور اس پر عمل کرنا آسان ہے۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پاس داری کرنے والے دنیا و آخرت میں جہنم کی آگ سے نجات پاکر خوشی سے زندگی بسر کریں گے اور انہیں جنت میں مستقل ٹھکانے سے نوازا جائے گا۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا جس کا مفہوم یہ ہے کہ ہر جان نے موت کا مزہ چکھنا ہے، اور تمہیں تمہارا پورا پورا بدلہ قیامت کے دن دیا جائے گا۔ پس جس کو آگ سے دور کر دیا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا اس نے کامل کام یابی کو حاصل کرلیا۔ اور دنیا کی زندگی دھوکے کے سوا کیا ہے۔

اس لیے اللہ کو ہر وقت اور ہر لمحہ یاد کرنا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

# اپنی پوشیدہ صلاحیتیں پہچانیے

تحریر....
شایان تمثیل

قدرت نے ہر شخص کو صلاحیتوں کے خزانے سے نوازا ہے اور یہ صلاحیت ہی اسے کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔ بے شک! کامیابی کیلیے محنت و جدوجہد ضروری ہے لیکن اس سے پہلے یہ لازم ہے کہ آدمی اپنی صلاحیت کو پہچانے، اسے پروان چڑھائے اور اس کی بنیاد پر اپنی کامیابی کی منزل کا تعین کرے۔

یہ بات ذہن نشین کرنے کے لائق ہے کہ آپ میں صلاحیت تو موجود ہے لیکن جب تک آپ اس کی صحیح انداز میں نشوونما نہیں کریں گے اس سے خاطر خواہ فوائد حاصل نہیں کر سکتے۔ بہت سے لوگوں کو اپنے اندر چھپی اس گرانقدر صلاحیت کا علم ہی نہیں ہوتا اور کچھ لوگ علم ہوجانے پر بھی حالات کے جبر کے باعث اس کی نشوونما نہیں کر پاتے یا پھر حوصلے کی کمی ان کے قدموں کو جکڑ لیتی ہے۔ اس طرح وہ کامیابی کی دوڑ میں سب سے پیچھے رہ جاتے ہیں۔ اس کے برعکس دھن کے پکے اور حالات کے جبر کو خاطر میں نہ لانے والے راستے کی رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے ثابت قدمی کے ساتھ اپنی صلاحیت کی نشوونما کر کے کامیابی کی منزل کی طرف بڑھتے جاتے ہیں۔ اس راہ میں صلاحیت ان کی سب سے بڑی طاقت، سب سے بڑی امنگ بن جاتی ہے۔

ایک انسان میں صرف ایک صلاحیت نہیں ہوتی، وہ بیک وقت کئی صلاحیتوں کا مالک ہوتا ہے لیکن یہ سب صلاحیتیں ایک سی نہیں ہوتیں۔ ان میں سے کچھ اعلیٰ درجے کی ہوتی ہیں اور کچھ ادنیٰ درجے کی۔ انسان کو اپنی اعلیٰ درجے کی صلاحیت کو پہلی ترجیح دیتے ہوئے اس کی نشوونما کرنی چاہیے۔ ہمارے معاشرے میں والدین اپنے بچوں کے مستقبل کا فیصلہ خود کرلیتے ہیں اور یہ طے کرلیتے ہیں کہ انھیں بڑا ہو کر کیا بننا ہے اور اسی کے مطابق وہ ان کو تعلیم دلواتے ہیں۔ اگر بچہ ذہین اور ہوشیار ہو تو والدین کی خواہش کو پورا کرلیتا ہے لیکن اگر اس کے برعکس ہو تو یہ خواہشات تشنہ ہی رہ جاتی ہیں۔ اگر والدین اپنے بچوں کی صلاحیتوں کو پہچان کر ان کے مستقبل کا فیصلہ کریں تو نتائج ہمیشہ ان کی مرضی کے مطابق اور خوشگوار نکلیں گے۔

یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ ماحول، صلاحیتوں پر اثر انداز ہوتا ہے اور بعض صلاحیتیں صرف ماحول کی پیداوار ہیں۔ مثلاً ایک حجام کا بیٹا بڑا ہو کر حجام بنتا ہے اور نان بائی کا بیٹا نان بائی، کسی ادیب اور دانشور کا بیٹا بڑا ہو کر ادب کے شعبے کی طرف جاتا ہے تو صنعت کار کا بیٹا صنعت کار ہی بنتا ہے، یہ سب ماحول کی کارفرمائیاں ہیں۔ ماحول ہی ان سب میں یہ سب بننے کا رجحان پیدا کرتا ہے، وہ جس ماحول میں پیدا ہوتے ہیں اسی کا اثر لیتے ہیں لیکن تمام صورتوں میں یہ بات صحیح نہیں ہے۔ بعض اوقات صلاحیتیں انھیں ایک بالکل الگ ہی راستے پر لے جاتی ہیں اور یہ سب اس وجہ سے ہوتا ہے کہ ان کی صلاحیت ماحول کے برعکس زیادہ ابھر کر ان کی شخصیت کو اپنی گرفت میں لے لیتی ہے۔



اس بحث سے قطع نظر کہ انسان کی کون سی صلاحیت زیادہ قوی اور اثر انگیز ہے، بعض ماہرین نفسیات کا دعویٰ ہے کہ اگر انسان کو ایک مخصوص ماحول میں پرورش دی جائے تو وہ اس کا اثر لازمی طور پر قبول کرتا ہے اور اس کی صلاحیتیں اس ماحول میں رنگ جاتی ہیں۔ اس لیے وہ والدین کو مشورہ دیتے ہیں کہ اگر آپ اپنے بچے کو کسی مخصوص پیشے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں تو اسے اسی ماحول میں پرورش دیں۔ بڑا ہونے تک وہ ماحول کے زیر اثر اس پیشے سے وابستگی اختیار کرلے گا لیکن یہ بھی اس صورت میں زیادہ خوشگوار ہوگا جب آپ اس کی اعلیٰ صلاحیت کو پہچانیں۔

صلاحیت کا علم ہوجانے پر بھی اسے بھرپور ڈھنگ سے بروئے کار لانے کی راہ میں دشواریاں پیش آسکتی ہیں، جیسے وسائل کی کمی، خاندانی روایات اور سماجی بندشیں وغیرہ۔ ہوسکتا ہے کہ آپ میں ایک بہترین گلوکار بننے کی صلاحیت ہو لیکن معاشرہ آپ کو اس کی اجازت نہ دے یا پھر آپ ایک بزنس مین بننا چاہتے ہیں لیکن وسائل کی کمی کے سبب آپ اپنی خواہش پر عمل درآمد کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔ اس قسم کی اور کئی رکاوٹیں آپ کو آگے بڑھنے سے روکتی ہیں لیکن اگر آپ اپنی صلاحیت کو صحیح انداز سے بروئے کار لائیں تو یہ رکاوٹیں خود بخود آسان ہوتی چلی جاتی ہیں، شرط صرف ثابت قدمی کی ہے۔

**اپنے ارادے پر مضبوطی سے جمے رہیے اور راستے کی دشواریوں سے گھبرائے بغیر آگے**

The Urdu Daily
WATTAN
وطن

تحریر....
ڈاکٹر خالد

# مری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ





**مورخ، فلسفی اور شاعر علم و فن کی دنیا میں الگ الگ جہتوں کے حامل ہوتے ہیں۔ شعور و ادراک، تخیل و احساس اور تلاش و جستجو کی ان راہوں میں بہت سی باتیں ان میں مشترک بھی ہوتی ہیں اور متضاد بھی۔ اب اسے حسن اتفاق کہیے یا قدرت کاملہ کا کرشمہ کہ اقبال کی شخصیت میں یہ تینوں جہات کسی نہ کسی صورت ہمیں یکجا دکھائی دیتی ہیں۔ اس لیے اقبال کی شخصیت کا مطالعہ کرتے ہوئے ہمیں ان تینوں حیثیتوں کو مدنظر رکھنا پڑتا ہے۔**

اقبال کا کہنا ہے کہ:

مری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ
کہ میں ہوں محرم راز درون مے خانہ

اقبال کی ان **3** جہتوں کا مطالعہ کرتے ہوئے ہمیں ان کے قیامِ یورپ کو نہایت باریکی سے دیکھنے اور سمجھنے کی ضرورت ہے تاکہ ان کی مورخانہ جہت اور فلسفیانہ افکار کو ملنے والی وسعت اور پختگی کا درست انداز میں تجزیہ ہو سکے۔

اقبال کی زندگی اور ان کے کلام میں جس طرح سوزِ حیات اور روحِ انسانی کا نغمہ موجود ہے وہ صرف ہماری فکر کی آبیاری نہیں کرتا بلکہ علم فن کی چوٹیوں کے پھوٹنے والے دریاؤں اور ندیوں کو کوزے میں بند کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اقبال کئی سطحوں پر حرکتِ حیات کی علامت بن کر ہمارے سامنے آجاتا ہے۔

اس مضمون میں اقبال کے قیامِ یورپ (**1907**ء-**1905**ء) میں انہوں نے جن علمی، ادبی اور فلسفیانہ علوم کو حاصل کیا اور جن تجربات سے وہ گزرے، ان مراحل کو پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

اقبال کئی سطحوں پر حرکتِ حیات کی علامت بن کر ہمارے سامنے آجاتا ہے

اقبال کی زندگی اور ان کی فکر پر **3** سالہ قیامِ یورپ نے گوناگوں تجربات اور خاصے وسیع اثرات مرتب کیے۔ یورپ کے علمی باطن میں جھانکنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے اسلامی فکر کا بھی درست تجزیہ کیا ہے۔

اس **3** سالہ قلیل دور میں وہ اپنے استاد سر ٹامس آرنلڈ (**Walker Thomas Arnold**) کی صحبت میں فکر و فلسفے کے کئی اسرار و رموز کو سمجھ چکے تھے۔ اردو زبان و ادب سے لگاو رکھنے والا طالب علم ان کے نام سے شناسا ہے۔ سر ٹامس آرنلڈ **1888**ء میں ایم اے او (محمڈن اینگلو اورینٹل) کالج علی گڑھ اور **1898**ء میں گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفے کے پروفیسر مقرر ہوئے۔ اپریل **1899**ء اور پھر اگست **1902**ء سے اپریل **1903**ء تک یونیورسٹی اورینٹل کالج کے قائم مقام پرنسپل رہے۔ **1904**ء میں انڈیا آفس لائبریری (لندن) کے اسسٹنٹ لائبریرین مقرر ہوئے۔

سر ٹامس آرنلڈ

علامہ اقبال نے گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفے کی تعلیم انہی سے حاصل کی۔ یورپ میں علامہ اقبال نے جب شاعری ترک کرنے کا فیصلہ کیا تو سر ٹامس آرنلڈ ہی نے انہیں اس ارادے سے باز رکھا۔ سر ٹامس آرنلڈ کا اثر صرف اقبال کی زندگی پر نہیں بلکہ اسلامی تہذیب و تمدن کے کئی پہلوؤں پر ان کے اثرات کو علمی لحاظ سے دیکھا جاسکتا ہے۔

رسالہ 'مخزن' کے مدیر شیخ عبدالقادر جو اقبال کے گہرے دوست تھے اور قیامِ یورپ میں ان کے ہم راز تھے وہ رسالہ مخزن میں اپنی اور آرنلڈ کی گفتگو بیان کرتے ہوئے آرنلڈ کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ:

ایک دن شیخ محمد اقبال نے مجھ (آرنلڈ) سے کہا کہ میں نے مصمم ارادہ کرلیا ہے کہ شاعری کو ترک کردوں گا اور قسم کھالی ہے کہ شاعری نہیں کروں گا۔ جو وقت شاعری میں صَرف ہوتا ہے اسے کسی اور مفید کام میں لگاؤں گا۔ میں نے (یعنی آرنلڈ نے) ان سے کہا کہ ان کی شاعری ایسی نہیں جسے ترک کرنا چاہیے بلکہ ان کے کلام میں وہ تاثیر ہے جس سے ممکن ہے کہ ہماری درماندہ قوم اور ہمارے کم نصیب امراض کا علاج ہو سکے۔

اس اقتباس سے سر ٹامس آرنلڈ کے اس احسان کو محسوس کیا جاسکتا ہے جو انہوں نے اردو دنیا اور اقبال کی شخصیت پر کیے۔ اگر وہ اقبال کو فلسفے سے روشناس نہ کرواتے اور شاعری جاری رکھنے کا مشورہ نہیں دیتے تو شاید زبان و ادب اور جنوبی ایشیا کی سیاسی، تہذیبی اور فکری زندگی میں اقبال جیسے مردِ قلندر اپنی تخیل فکر کا نمونہ اس انداز میں پیش نہیں کرپاتے۔

خود اقبال نے سر ٹامس آرنلڈ کے بارے میں جو نظمیں لکھی ہیں اس سے ان کی محبت اور دلی وابستگی کو محسوس کیا جاسکتا ہے۔ جب **1904**ء میں آرنلڈ گورنمنٹ کالج لاہور سے رخصت ہوکر لندن چلے گئے تو اقبال نے ان کی یاد میں نظم 'نالہ فراق' لکھی۔

جا بسا مغرب میں آخر اے مکاں تیرا مکیں
آہ مشرق کی پسند آئی نہ اس کو سرزمیں
یاد ایامِ سلف سے دل کو تڑپاتا ہوں میں
بہرِ تسکیں تیری جانب دوڑتا آتا ہوں میں

پرفیسر آرنلڈ سے جو دلی و روحانی وابستگی انہیں لاہور اور کیمبرج کے دوران تھی وہ تادمِ آخر رہی۔ اس کا اندازہ ان کے پی ایچ ڈی کے مقالے **The of Development PersiainMetaphysics** کے انتساب سے کیا جاسکتا ہے۔

اقبال اور کیمبرج

علامہ اقبال نے یکم اکتوبر **1905**ء کو ٹرنٹی کالج کیمبرج میں داخلہ لیا۔ وہ اس کالج میں درجہ اعلیٰ کے طالب علم (**Student Advanced**) کی حیثیت سے داخل ہوئے۔ یعنی ایسا طالب علم جس کے پاس پہلے سے کسی یونیورسٹی کی بی اے یا ایم اے کی ڈگری ہو۔ یہاں ان کے استاد ایڈم سیج وک (**SedgwickAdam**) تھے جو اس یونیورسٹی میں علمِ حیوانیات کے پروفیسر تھے۔

ٹرنٹی کالج کیمبرج کا سب سے بڑا کالج ہے۔ اس کالج سے نیوٹن، لارڈ بائرن، ٹینی سن اور برٹرینڈ رسل جیسی شخصیات نے تحصیلِ علم کیا۔ علاوہ ازیں جواہر لال نہرو بھی اسی کالج میں تعلیم حاصل کر چکے ہیں۔ اس کالج کے ڈائننگ ہال میں پاکستان کے نامور مصور گل جی کا اقبال پر بنایا ہوا پورٹریٹ بھی آویزاں تھا لیکن پھر کسی وجہ سے اسے یہاں سے ہٹا دیا گیا۔ اقبال کیمبرج کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

کیمبرج میری نظر میں دنیا کے حسین ترین شہروں سے ایک ہے۔ وینس کے علاوہ میں کسی ایسے شہر سے واقف نہیں جو دل کشی، رعنائی، قدیم تاریخی ماحول اور فطری جمال کا ایسا مرقع پیش کرے جو کیمبرج میں نظر آتا ہے۔

اس شہر میں بقول شاعر

زفرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم
کرشمہ دامنِ دل می کشد کہ جا اینجاست

'اقبال یورپ میں' اور 'نوادر اقبال یورپ میں' کے مصنف سعید اختر درانی یہ سوال اٹھاتے ہیں کہ اقبال نے اس شہر سے جتنے لگاو کا اظہار کیا تو پھر پی ایچ ڈی کی سند کے لیے وہ جرمنی کیوں گئے؟

سعید اختر درانی مزید لکھتے ہیں کہ:

اس سوال کے جواب کے لیے جب میں نے تحقیق کی تو یہ راز مجھ پر کھلا کہ کیمبرج میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کے قواعد مئی **1910**ء میں مرتب ہوئے اور پہلے پی ایچ ڈی کے طالب علم نے **1921**ء میں وہاں داخلہ لیا تھا۔ اس سے پیش تر طالب علم اعلیٰ ڈگریوں کے حصول کے لیے جرمنی جایا کرتے تھے۔ اسی لیے اقبال نے میونخ سے پی ایچ ڈی کی سند حاصل کی۔

اقبال جب کیمبرج میں تھے تو اس وقت یہاں شہرہ آفاق فلسفی موجود تھے، کئی نامور مستشرقین یہاں درس و تدریس سے وابستہ تھے اور ان میں برٹرینڈ رسل کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں۔

کیمبرج میں نصب علامہ اقبال سے منسوب ایک یادگاری تختی

اقبال کو ٹرنٹی کالج میں ڈاکٹر میک ٹیگرٹ (**TaggartJ.M.Mc**) کی نگرانی میں اپنا مقالہ تحریر کرنا تھا جو ہیگیلین (**Hegelian**) فلسفے کے نامور محقق اور عالم مانے جاتے تھے۔ اقبال کے افکار و نظریات پر انہوں نے کافی گہرے اثرات مرتب کیے۔ دوسرے استاد پروفیسر سورلی (**SorleyW.R**) تھے جن کا میدانِ خاص نظریہ الوہیت اور اخلاقی اقدار تھا۔

فلسفیانہ مباحث اور ان کے مبادیات کے علاوہ اقبال کیمبرج میں تاریخ اسلام اور فارسی شعر و ادب سے بھی مستفید ہوتے رہے۔ ان شعبوں میں بھی اس وقت کیمبرج یونیورسٹی مالا مال تھی۔ ان میں ایک مستشرق ڈاکٹر نکلسن (**R.A Nicholson**) بھی ہیں جو مولانا روم پر سند رکھتے تھے۔ اقبال کی اہم مثنوی 'اسرار خودی' کا انگریزی ترجمہ **1920**ء میں ڈاکٹر نکلسن نے ہی کیا تھا۔ نکلسن کے علاوہ ڈاکٹر براون (**E.G Brown**) نے بھی اقبال کے مقالے **The of Development PersiainMetaphysics** میں کافی مدد کی۔

اقبال اور میونخ

جولائی **1907**ء میں اقبال لندن سے میونخ پہنچے۔ پروفیسر آرنلڈ نے انہیں توجہ دلائی کہ وہ جرمنی سے پی ایچ ڈی کی سند حاصل کرلیں۔ اس میں آرنلڈ کے علاوہ کیمبرج کے اور دیگر اساتذہ کا عمل دخل بھی تھا۔ ذاتی طور پر اقبال جرمنوں کے مداح تھے اور کہا کرتے تھے کہ، 'اگر علم کو پختہ کرنا ہے تو جرمنی جاؤ۔ ان عوامل کی بنا پر انہوں نے جرمنی جانے کا پختہ ارادہ کرلیا۔ اپنے بھائی شیخ عطا محمد سے رقم بھیجنے کی درخواست کی۔ شیخ عطا محمد ہی نے ان کی اعلیٰ تعلیم کی کفالت کی تھی۔

میونخ میں ایستادہ علامہ اقبال سے منسوب ایک یادگار

اقبال نے میونخ میں لڈوگ ملین یونیورسٹی میں درخواست دی کہ انہیں پی ایچ ڈی کے لیے **The of Development PersiainMetaphysics** کے عنوان سے جرمن یا لاطینی زبان کے بجائے انگریزی زبان میں مقالہ پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔ اجازت ملنے پر اقبال نے اپنا مقالہ جمع کرادیا۔ البتہ یونیورسٹی نے یہ شرط عائد کی کہ انہیں **3** ماہ جرمنی میں مقیم رہ کر جرمن زبان سیکھنی ہوگی۔

اقبال ہائیڈل برگ اور ایما ویگیناسٹ

ان تمام امور کو انجام دے کر اقبال ہائیڈل برگ چلے گئے۔ دریائے نیکر کے کنارے شیرر منزل (**Mansion Scherrer**) میں اقامت اختیار کی۔ اسی منزل میں ان کی ملاقات ایما ویگیناسٹ (**Emma Wegenast**) سے ہوئی جو ان کی جرمن زبان سکھانے کی استاد تھیں۔ یہ ملاقات اقبال کے ذوقِ جمال کی تسکین اور جمالیاتی پختگی کے لحاظ سے شاعر اقبال کے لیے زندگی کا ایک ناقابلِ فراموش واقعہ بن گئی۔

وہ ایما کے ساتھ خاصا وقت گزارتے۔ جرمن زبان کی مشق بھی کرتے اور اس کے ساتھ شعر و ادب اور بعض علمی موضوعات پر گفتگو بھی کرتے۔ خاص کر جرمن شعرا میں گوئٹے، ہائنے ان کی دلچسپی کے موضوعات تھے۔ ایما اقبال سے **2** برس چھوٹی تھیں اور انہوں نے اپنی تعلیم ہائیڈل برگ یونیورسٹی سے حاصل کی تھی۔ ایما کی بہن سوفی ویگیناسٹ کے مطابق ایما کو اس گھرانے کا دماغ کہا جاتا تھا۔

ایما ویگیناسٹ

اقبال اور ایما کے **28** خطوط کی روشنی میں یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ اقبال کے نزدیک ایما گوئٹے بھی ہیں ہائنے اور شوپن ہار بھی۔ وہی ہائیڈل برگ بھی ہیں اور دریائے نیکر بھی۔

اقبال کی زندگی میں ایما ویگیناسٹ نے زبان سکھانے کے ساتھ دل جیتنے کا عمل اپنے حُسن کردار سے انجام دیا۔ اس رویے اور عمل کی وجہ سے اقبال کے محسوسات میں یہ بات جاگزیں ہوگئی کہ ایما ہی میری زندگی کی حقیقی قوت ہے اور جرمنی میرا دوسرا روحانی وطن۔ **1931**ء میں جب اقبال لندن گئے تو وہاں سے ایما کو لکھا کہ:

میں ہائیڈل برگ کے وہ ایام کبھی فراموش نہ کرسکوں گا جب آپ نے مجھے گوئٹے کا فاوسٹ پڑھایا اور دیگر کئی طرح سے میری مدد کی تھی۔ وہ کیا ہی بہجت افزا دن تھے۔ میں اپنی سی پوری کوشش کروں گا کہ میں ہائیڈل برگ آوں اور آپ سے اسی پُرانے مقام پر ملاقات کروں۔ مجھے اب تک دریائے نیکر یاد ہے جس کے کنارے ہم دونوں گھوما کرتے تھے۔

ہائیڈل برگ میں علامہ اقبال کے نام سے منسوب سڑک

بانگ درا کی نظم 'دریائے نیکر (ہائیڈل برگ) کے کنارے پر' انہی لمحات کو کچھ اس انداز میں پیش کرتی ہے۔

خاموش ہے چاندنی قمر کی
شاخیں ہیں خموش ہر شجر کی
وادی کے نوا فروش خاموش
کہسار کے سبز پوش خاموش
فطرت بے ہوش ہوگئی ہے
آغوش میں شب کے سوگئی ہے
کچھ ایسا سکوت کا فسوں ہے
نیکر کا خرام بھی سکوں ہے
اے دل! تو بھی خموش ہوجا
آغوش میں غم کو لے کے سوجا

اس دور کی دیگر نظموں 'حسن و عشق'، 'وصال' میں بھی اقبال نے انہی جذبات کو بیان کیا ہے۔

خیر **4** نومبر **1907**ء کو **5** رکنی بورڈ جس کے سربراہ نگران مقالہ پروفیسر فریڈرش ہومل تھے انہوں نے اقبال کا زبانی امتحان لیا اور ان کی قابلیت کو دیکھتے ہوئے انہیں پی ایچ ڈی کی سند جاری کی۔ یونیورسٹی نے انہیں جو سند جاری کی اس پر اقبال کے لیے یہ کلمات لکھے ہوئے ہیں:

یہ سند **learned and Famous person exalted and man** کو **Praise Great with** کے ساتھ جاری کی جارہی ہے۔

میونخ سے اقبال **5** نومبر کو روانہ ہوئے شاید اقبال نے اپنا دل بھی یہیں کہیں رکھ چھوڑا تھا جس کے لیے انہوں نے کہا کہ

اے دل! تو بھی خموش ہوجا
آغوش میں غم کو لے کے سوجا

یکم جولائی **1908**ء کو انہیں لنکنز ان سے بار ایٹ لا کی ڈگری مل گئی۔ جرمنی سے واپسی کے بعد انہوں نے لندن میں کئی اہم موضوعات پر لیکچر دیے اور یہاں ان کی ملاقات بیگم عطیہ فیضی سے بھی ہوئی جو اقبال کی زندگی کے بابِ جمال میں اضافہ ہے۔

اقبال کی علمی اور تعلیمی اکتسابات کے باب میں یہ **3** سالہ دور باثروت ہی نہیں بلکہ اپنی پوری جلوہ آفرینی لیے ہوئے ہے۔ انہوں نے صرف **3** سال کی مختصر سی مدت میں کیمبرج سے بی اے، میونخ سے پی ایچ ڈی اور لنکنز ان سے بیرسٹریٹ کی ڈگریاں حاصل کیں۔ اس اعتبار سے وہ جنوبی ایشیا میں ایک ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ یہاں سے جانے والی کئی شخصیات اس مقام کو آج تک پا نہیں سکیں حتیٰ کہ ان کے بیٹے جاوید اقبال **7** برس انگلینڈ میں حصولِ تعلیم کے لیے مقیم رہے مگر اقبال کی شخصیت کا امتیاز ان کی عبقریت کا پتا دیتا ہے۔

J&K Bank
Serving To Empower

BAJAJ Allianz
Caringly yours




Bajaj Allianz Health Guard Policy helps you stay on guard financially so that you and your family members are always safe from uncertain medical events.

Key Features & Benefits

*Pre and Post-Hospitalization Expenses*

*Preventive Health Check-Up*

*Recharge Benefit*

*Super Cumulative Bonus (Platinum Plan)*

To know more, contact your **J&K Bank's Relationship Manager**

Bajaj Allianz General Insurance Co. Ltd., Bajaj Allianz House, Airport Road, Yerawada, Pune - 411006. IRDAI Reg No.: 113. | CIN: U66010PN2000PLC015329 | UIN: BAJHLIP23212V062223 | web: www.bajajallianz.com | Toll free: 1800-209-5858 / 1800-209-0144

J&K Bank Ltd is a licensed Corporate Agent [bearing License No.: CA0029] of Bajaj Allianz General Insurance Company Ltd. [IRDAI registration No. 113]. The benefits/features of products are indicative and for more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale. | BJAZ-P-JK-0015/15-11-2023

PUBLISHED BY: BISMA TAJAMUL, PRINTED BY: BISMA TAJAMUL on behalf of BISMA TAJAMUL R.N.I No: JKURD/2011/37141,
Printed At : K.T. Press Pvt Ltd. Rangreth Budgam J&K 190021 , Published From: NEW BUS STAND, BUDGAM J&K 191111, Editor: BISMA TAJAMUL
CONTACT NO. 9419786936, 6006551484, EMAIL: WATTANDAILY@GMAIL.COM,